سوال

(270) رات کی نماز بھول کر تین رکعتیں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص رات کو نماز ادا کر رہا تھا اور رات کی نماز دو دو رکعت ہوا کرتی ہے لیکن وہ بھول کر تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے تو اس صورت میں وہ کیا کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب اسے یاد آئے تو وہ پیچھے لوٹ آئے اور اگر نہیں لوٹے گا تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی کیونکہ اس نے جان بوجھ کر ایک رکعت کا اضافہ کیا ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ سے نصا یہ صراحت موجود ہے کہ جو شخص رات کی نماز میں تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے تو اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی نماز فجر میں تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے، یعنی اگر وہ نہ لوٹے تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی، البتہ نماز وتر اس سے مستثنیٰ ہے کیونکہ نماز وتر کی دو رکعتوں میں اضافہ کرنا بھی جائز ہے، یعنی اگر کوئی انسان نماز وتر اس نیت سے شروع کرے کہ وہ دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دے گا اور پھر تیسری رکعت الگ سے پڑھے گا لیکن وہ بھول جانے کی وجہ سے سلام پھیرے بغیر تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو گیا تو ہم اسے کہیں گے کہ تیسری رکعت پوری کر لو کیونکہ نماز وتر کی دو رکعتوں میں اضافہ کرنا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 295

محدث فتویٰ